پہلا سمسٹر I Semester	بی۔ایڈ (ریگولر) B.Ed Regular	مارچ 2023

پرچہ : تعلیم کی فلسفیانہ بنیادیں

Paper - B9ED101CCT : Philosophical Foundation of Education

جملہ نشانات : 70 Maximum. Marks　　　Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) "اسکول باغ کی طرح ہے اور معلم باغبان اور بچے ننھے پودے" یہ کس نے کہا۔

(a) ویویکانند (vivekananda)　(b) جان لاک (John Locke)

(c) فروبیل (Froebel)　(d) گاندھی جی (Gandhiji)

(ii) "فلسفہ اور تعلیم ایک ہی سکے کے دو پہلو ہے۔" یہ قول کس کا ہے؟

(a) روسو (Rousseau)　(b) افلاطون (Plato)

(c) راس (Ross)　(d) کانت (Kant)

(iii) "غبار خاطر" کس کی لکھی ہوئی کتاب ہے؟

(a) مولانا آزاد　(b) سرسید　(c) حالی　(d) ذاکر حسین

(iv) یوگ فلسفہ (Yoga Philosophy) کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

(a) کپل منی　(b) پتانجلی　(c) شنکر　(d) مہارشی گوتم

(v) کوٹھاری کمیشن بنا تھا؟

(a) 1960-62 میں　(b) 1964-66 میں　(c) 1952-54 میں　(d) 1962-64 میں

(vi اسپرینجر (Spranger) نے اقدار کو کتنے درجوں میں تقسیم کیا ہے؟

(a) 2　(b) 4　(c) 3　(d) 6

(vii) آزادی کے بعد ہندوستان کے پہلے وزیر تعلیم (Education Minister) کون تھے؟

(a) رادھا کرشنن (b) مولانا آزاد (c) سردار پٹیل (d) امبیڈکر

(Viii) معلم کی پیشہ وارانہ خوبی نہیں ہے؟

(a) صحت مند ہونا (b) طریقہ تدریس کی معلومات (c) تعلیمی نفسیات کا علم (d) تدریسی صلاحیت

(ix) جان ڈیوی (John Dewey) نے کس فلسفہ تعلیم کی وکالت کی تھی؟

(a) فلسفہ تصوریت (Idealism) (b) فلسفہ عملیت (Pragmatism)

(c) فلسفہ فطریت (Naturalism) (d) فلسفہ وجودیت (Existentialism)

(x) ٹیگور کا کس فلسفہ سے تعلق تھا؟

(a) حقیقت (Realism) (b) وجودیت (Existentialism)

(c) مارکسزم (Marxism) (d) ان میں سے کوئی نہیں

حصہ دوم

2) تعلیم کے تصور کو بیان کرتے ہوئے اس کے دائرہ کار کو لکھیں؟

3) فلسفہ عملیت کے مطابق تعلیم کا نصاب اور طریقہ تدریس کس طرح کی ہونی چاہئے؟ واضح کیجیے۔

4) نئی تعلیمی پالیسی 2020 (NEP - 2020) پر ایک نوٹ لکھیں؟

5) اقدار کے تصور کو بیان کرتے ہوئے اس کے اہمیت کو واضح کریں؟

6) تعلیم کے شعبے میں مولانا آزاد کی خدمات پر مختصر نوٹ لکھیے۔

7) فلسفہ یوگا (Yoga) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اس کی تعلیمی اہمیت و ضرورت کو بیان کریں؟

8) معلم علم کا تسہیل کار (Facilitator of Knowledge) ہوتا ہے اسکی وضاحت کیجیے۔

9) مستقبل کے سماج کی تعمیر و تشکیل میں معلم کے کردار پر بحث کیجیے۔

حصہ سوم

10) اساتذہ کے لئے فلسفہ تعلیم کا علم ہونا کیوں ضروری ہے؟ مثالوں کے ذریعہ وضاحت کیجیے۔

11) فلسفہ تصوریت (Idealism) سے کیا مراد ہے؟ اس کے مطابق تعلیم کے مقاصد، نصاب، طریقہ تدریس، نظم و ضبط، اساتذہ، اسکول اور طلباء کیسے ہونے چاہئیں؟ بیان کیجیے۔

12) فلسفہ فطریت (Naturalism) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ فلسفہ فطریت کے تعلیمی تصور کو تفصیل سے لکھیں؟

13) معلم کی پیشہ ورانہ اہلیتیں (Professional Competencies) کون کون سی ہے؟ سماج معلم کے مقام میں بہتری لانے کے لیے کیا اقدامات اپنائے جانے چاہئیں؟ بیان کیجیے۔

14) اقدار بحران سے کیا مراد ہے؟ موجودہ سماج میں اقدار بحران کے وجوہات کو بیان کرتے ہوئے اس کے روکنے میں معلم کے کردار کو لکھیں۔

☆☆☆